پریس ریلیز

جنرل ہسپتال کے پروفیسر آف یورالوجی ڈاکٹر خضر حیات گوندل ڈائریکٹر شعبہ ایمر جنسی مقرر

سرجن ڈاکٹر کو ایمر جنسی کا سربراہ مقرر کرنے سے شعبے کی کارکردگی میں اضافہ ہوگا: پرنسپل پی جی ایم آئی

پروفیسر خضر حیات گوندل کو ایمر جنسی وارڈ کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے مکمل فری ہینڈ دیا گیا ہے: پروفیسر الفرید ظفر

ڈی ایم ایس کا دفتر حکومت کی اوپن ڈور پالیسی کے مطابق مریضوں کے لیے ہر وقت کھلا رہنا چاہیے: پروفیسر گوندل

لاہور 8 اکتوبر:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے پروفیسر آف یورالوجی ڈاکٹر خضر حیات گوندل کو ڈائریکٹر شعبہ ایمر جنسی لاہور جنرل ہسپتال مقرر کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ پروفیسر الفرید ظفر نے اس توقع کا اظہار کیا کہ ایک سرجن ڈاکٹر کو ایمر جنسی کا سربراہ مقرر کرنے سے اس شعبے کی کارکردگی میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایمر جنسی میں تشویشناک حالت میں مریض آتے ہیں جن کے علاج کیلئے ایک اچھے اور قابل ایڈمنسٹریٹر کی موجودگی ازحد ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پروفیسر خضر حیات گوندل کو ایمر جنسی وارڈ کی کارکردگی مزید بہتر بنانے کے لیے مکمل فری ہینڈ دیا گیا ہے تا کہ وہ مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی، سٹاف کی حاضری اور ڈسپلن کے معاملات بہتر طور پر چلا سکیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے ہسپتال کے تمام انتظامی ڈاکٹروں کو ہدایت کی کہ پروفیسر خضر حیات گوندل کی طرف سے کسی بھی تکنیکی یا انتظامی مسئلہ کی نشاندہی پر فوری طور پر اس کا حل نکال کر مریضوں کی خدمت کا اعلیٰ معیار قائم کیا جائے۔

اس موقع پر پروفیسر خضر حیات گوندل نے اس یقین کا اظہار کیا کہ وہ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کے اعتماد پر پورا اتریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایمر جنسی وارڈ کے ہر شعبے میں موومنٹ رجسٹر رکھوایا جائے گا تا کہ سٹاف کی موجودگی سے متعلق کسی قسم کا مسلہ نہ پیدا ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی ایم ایس کا دفتر حکومت کی اوپن ڈور پالیسی کے مطابق مریضوں کے لیے ہر وقت کھلا رہنا چاہیے تا کہ دکھی انسانیت کی خدمت میں کسی قسم کی رکاوٹ پیش نہ آئے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہر شفٹ کا ڈی ایم ایس اور نرسنگ سپروائزر انچارج ہر شعبے کا تفصیلی راؤنڈ کریں اور رجسٹر پر اپنے دستخط کریں۔ انچارج صاحبان راؤنڈ کے دوران نوٹ کیے جانے والے مسائل اور اپڈیٹس کے بارے میں ڈائریکٹر ایمر جنسی یا ایم ایس کو فوری طور پر رپورٹ کریں تا کہ مریضوں کو مشکلات سے بچایا جا سکے۔ مریض اور ان کے لواحقین کسی بھی ایمر جنسی کی صورت میں لاہور جنرل ہسپتال کے شعبہ ایمر جنسی کے فون نمبرز 04299268817 اور 03377803307 پر فوری رابطہ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆

پروفیسر خضر حیات گوندل